## کراچی میں بجلی کی گھنٹوں غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، الطاف حسین

## کے ای ایس سی دوبارہ وفاق کے ماتحت لیکر اوپن ٹینڈر کے ذریعہ ادارے کو ایسی انتظامیہ کے حوالہ کیا جائے جو کراچی کے شہریوں کے مسائل حل کرنے میں دلچسپی رکھتی ہو

## اگر حکومت نے عوامی مشکلات کا نوٹس نہ لیا تو عوام لوڈشیڈنگ کے خلاف پرامن احتجاج کا حق رکھتے ہیں

## یہ سراسر ناانصافی ہے کہ کراچی میں بجلی کے نرخ پورے پاکستان میں سب سے زیادہ ہیں

لندن۔۔۔27، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں گھنٹوں غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کے ای ایس سی کو دوبارہ وفاق کے ماتحت کیا جائے اور اوپن ٹینڈر کے ذریعہ اس ادارے کو ایسی انتظامیہ کے حوالہ کیا جائے جو کراچی کے عوام کے مسائل حل کرنے میں دلچسپی رکھتی ہو۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ کراچی میں گھنٹوں لوڈشیڈنگ کے مسلسل واقعات سے شہریوں کے صبر کا پیمانہ لبریز ہورہا ہے، گھنٹوں غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کے واقعات سے طلباء وطالبات کو امتحانات کی تیاری میں شدید مشکلات کا سامنا ہے اور بجلی کی عدم فراہمی کے باعث صنعتی وکاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہورہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی انتظامیہ کی نااہلی اور لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کا چین وسکون غارت ہوچکا ہے اور زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے عوام کے روزمرہ کے معمولات بری طرح متاثر ہورہے ہیں جس کا نوٹس لینا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر حکومت نے عوامی مشکلات کا سنجیدگی سے نوٹس نہ لیا اور شہریوں کو لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلانے کیلئے مثبت اقدامات نہ کئے تو کراچی کے عوام لوڈشیڈنگ کے خلاف پرامن احتجاج کا حق رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سراسر ناانصافی ہے کہ کراچی میں بجلی کے نرخ پورے پاکستان میں سب سے زیادہ ہیں جبکہ ایک جانب کراچی میں گھنٹوں لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے اور دوسری جانب شہریوں سے بجلی کے بھاری بل وصول کئے جارہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم اور وفاقی وزیر برائے پانی وبجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کی گھنٹوں غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، لوڈشیڈنگ کے مسئلہ کو فوری حل کیا جائے اور کے ای ایس سی کو دوبارہ وفاق کے ماتحت کیا جائے اور اوپن ٹینڈر کے ذریعہ اس ادارے کو ایسی انتظامیہ کے حوالہ کیا جائے جو کراچی کے شہریوں کے مسائل حل کرنے میں دلچسپی رکھتی ہو۔

## اسلام میں خودکشی کو حرام قرار دیا گیا ہے، الطاف حسین

## جو عناصر اسلام کے نام پر خودکش حملے کرکے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کررہے ہیں

## خیبرایجنسی کی تحصیل جمرود میں خودکش حملہ کے واقعہ پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔27، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خیبرایجنسی کی تحصیل جمرود میں واقع مسجد میں خودکش حملہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس حملہ میں درجنوں افراد کے شہید وزخمی ہونے کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام میں خودکشی کو حرام قرار دیا گیا ہے اور جو عناصر اسلام کے نام پر خودکش حملے کرکے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی انتہاء پسندی اور دہشت گردی کے باعث پاکستان کا امیج بری طرح متاثر ہورہا ہے اور پاکستان کا امیج بہتر بنانے کیلئے حکومت کو مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور مشیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ خیبرایجنسی میں خودکش حملے کا نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مزید ٹھوس اور عملی اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے جمرود میں خودکش حملہ کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن آصف صدیقی کی صاحبزادی صباارم رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں

## شادی کی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، سٹی ناظم کراچی اورحق پرست وفاقی وصوبائی وزراء کی شرکت

لندن۔۔۔27، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن آصف صدیقی کی صاحبزادی صباارم صدیقی محمد علی شیخ کے ہمراہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں۔شادی کی تقریب لندن کے مقامی ہوٹل میں ہوئی جس میں دلہادلہن کے عزیزواقارب اوردوست احباب کے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ووفاقی وزیرڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، آصف صدیقی، شکیل عمر، انیس قائم خانی، نیک محمد ،وسیم آفتاب، سٹی ناظم کراچی سید مصطفی کمال، حق پرست سینیٹر بابرغوری، صوبائی وزیرعادل صدیقی اورایم کیوایم امریکہ کے ذمہ دارمحمد یونس نے شرکت کی۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے دلہادلہن کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شادی کی مبارکباد پیش کی اوران کی خوشگوارازدواجی زندگی کیلئے نیک خیالات کااظہارکیا۔

## الطاف حسین کی جدوجہد کا مقصد محروم عوام کوان کے حقوق دلانا ہے، نادیہ گبول

کراچی۔۔۔۔27/مارچ 2009ء۔۔۔حق پرست صوبائی وزیربرائے انسانی حقوق محترمہ نادیہ گبول نے کہاہے کہ ایم کیوایم لیاری کے عوام کو جرائم سے پاک صحت مند معاشرہ فراہم کرنا چاہتی ہے۔وہ گزشتہ روزآگرہ تاج کالونی میں رابطہ مہم کے سلسلے میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کررہی تھی۔رابطہ مہم کاانعقادایم کیوایم آگرہ تاج کالونی اورلیاری سیکٹرکی جانب سے کیا گیا تھاجس میں آگرہ تاج کالونی اورلیاری کے معززین اورحق پرست عوام نے بڑی تعدادمیں شرکت کی۔اس موقع پرمعززین نے علاقے میں جرائم پیشہ عناصرکی سماج دشمن کارروائیوں اورعوام کودرپیش مسائل سے آگاہ کیا۔محترمہ نادیہ گبول نے کہاکہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے کی جدوجہد کا مقصد محروم عوام کوان کےحقوق دلانا ہےاورایم کیوایم لیاری کے عوام کے دیرینہ مسائل کےحل کیلئے اپنا بھرپورکرداراداکرے گی۔اس موقع پرحق پرست رکن سندھ اسمبلی طاہرقریشی اورایم کیوایم لیاری سیکٹرکے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## عوامی مسائل کاحل، الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل کرکے ہی تلاش کیاجاسکتا، لیبرڈویژن ایم کیوایم

کراچی۔۔۔۔27/مارچ 2009ء۔۔۔بلدیہ ٹاؤن لیبرڈویژن کے کارکنان کاایک اجلاس گذشتہ دنوں بلدیہ ٹاؤن کے مقامی ہال میں منعقدہواجس سے ایم کیوایم لیبرڈویژن کے مرکزی کمیٹی کے رکن محمد خرم نے خطاب کرتے ہوئے کارکنان پرزوردیا کہ مسائل عوامی سطح کے ہوں یا کارکنوں کے یا مسائل کاتعلق کسی ادارے سے ہواس کےحل کیلئے ہم اپنے آپ کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کی روشنی میں حل کریں تو ہم اس کا فائدہ عوام تک پہنچانے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔اس موقع پرانہوں نے کارکنان کوہدایت کی کہ وہ تنظیمی نظم وضبط کی مکمل پاسداری کرتے ہوئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے بیانات اورخطابات کاپابندی سے مطالعہ کریں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔27/مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈوالہیارزون، یونٹ 2-A کے کارکن محمداخترآرائیں، ایم کیو ایم عبداللہ کے بھائی عبدالجباراورایم کیوایم پی آئی بی سیکٹریونٹ 56 کے کارکن امجدعباس کے والداحمد علی کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوارلواحقین کی دلی تعزیت کی۔رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین کوصبرجمیل کی تلقین کی اوردعا کی اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جواررحمت میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطاکرے۔(امین)

## ایم کیوایم کے کارکنان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔27، مارچ2009ء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم آزادکشمیر مظفرآباد ضلع کے جوائنٹ انچارج سید شوکت کاظمی اورایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون کے کارکن محمد اختر آرائیں کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم آزادکشمیر مظفرآباد ضلع کے جوائنٹ انچارج سید شوکت کاظمی ٹریفک حادثے میں جاں بحق، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔27، مارچ2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ آزادکشمیر مظفرآباد ضلع کے جوائنٹ انچارج سید شوکت کاظمی ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے(اناللہ وانالہ راجعون) مرحوم کی عمر30 سال تھی اورانہوں نے پسماندگان میں بیوہ اورایک بیٹی چھوڑی ہے۔دریں اثناءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی مظفرآباد کے جوائنٹ انچارج سید شوکت کاظمی کے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سید شوکت کاظمی مرحوم کواپنی جوارِرحمت میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆